नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions : 29

No. of Printed Pages : 7

# S–72 – Urdu (T.L.)

## SECONDARY EXAMINATION-2018

# URDU

**(Third Language)**

**Time : 3¼ Hours**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لئے ہدایات :**

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حصّہ (الف)

مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اقتباس کے بعد دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے :

دوسری مرتبہ جب مغل فوج احمد نگر پہنچی تو چاند بی بی نے مغل بادشاہ سے صلح کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن احمد نگر کے چند سرداروں نے یہ افواہ پھیلا دی کہ چاند بی بی مغلوں سے مِل گئی ہے۔ بس پھر کیا تھا ! لوگ چاند بی بی کے مخالف ہو گئے۔ سازش کرنے والے سرداروں نے موقع پا کر چاند بی بی کو گرفتار کر کے قتل کر دیا۔ اس طرح احمد نگر پر مغلوں کا قبضہ ہو گیا۔ اس نیک دل خاتون کی شہادت کے بعد لوگوں کو اندازہ ہوا کہ اُسے اپنے وطن سے کتنی محبت تھی۔ وہ جب تک زندہ رہی، وطن کی خدمت کرتی رہی اور آخرکار وطن ہی کی خاطر اُس کی جان بھی گئی۔ وہ مر گئی لیکن اس کا نام آج بھی زندہ ہے۔

1. اس اقتباس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ **4**

2. احمد نگر پر کس کا قبضہ ہو گیا تھا ؟ **1**

3. احمد نگر کے سرداروں نے کیا افواہ پھیلا دی تھی ؟ **1**

4. چاند بی بی کو کس نے اور کیوں قتل کیا ؟ **1**

5. اس اقتباس میں استعمال شدہ الفاظ 'صلح' اور شہادت کے معنی بتائیے۔ **1**

## حصّہ (ب)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک** یا دو جملوں میں دیجیے :

6. امتحان میں کون سی دو صورتیں ہوتی ہیں ؟ 1

7. سبق ''ابوخاں کی بکری'' کے مصنف کا نام لکھیے ۔ 1

8. حضرت محل کو کہاں سپردِ خاک کیا گیا ؟ 1

9. رَب کسے کہتے ہیں ؟ 1

10. نظیر اکبرآبادی کا پورا نام کیا ہے ؟ 1

11. عیدگاہ میں نوشیروان کو کس چیز کی ضرورت تھی ؟ 1

## حصّہ (ج)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو سے **تین** سطروں میں لکھیے :

12. درخت پر بیٹھی چڑیوں میں کیا بحث ہو رہی تھی ؟ 2

13. انگریزوں نے محبانِ وطن کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا ؟ 2

14. خدا کن لوگوں کی مدد کرتا ہے ؟ 2

15. وقت کی قدر کرنے سے کیا فائدے ہوتے ہیں ؟ **2**

16. نوشیروان نے اپنے دل میں کیا عزم مصمّم کیا ؟ **2**

17. سبھی نعمتوں کا لطف ہم کب اُٹھا سکتے ہیں ؟ **2**

18. حُب الوطنی کسے کہتے ہیں ؟ **2**

## حصّہ (د)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **چار** سے **چھ** سطروں میں دیجیے :

19. 'آب آب ہونا' - اور 'منھ بھر دینا' محاوروں کے مطلب لکھیے اور اُن کو اپنے جملوں میں استعمال بھی کیجیے۔ **4**

20. مندرجہ ذیل رموزواوقاف میں کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور ان کی علامتیں (نشانات) بھی بتائیے : **4**

(i) رابطہ (Colon)

(ii) وقفہ (Semi Colon)

(iii) تفصیلہ (Colon Dash)

(iv) خط (Dash)

21. مندرجہ ذیل میں سے کِن ہی دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے : **4**

(i) فاعل (ii) مفعول (iii) فعل

22. مندرجہ ذیل میں سے کن ہی **دو** لفظوں کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے : **4**

(i) دوزخ (ii) عیش (iii) دُکھ

**یا**

مندرجہ ذیل میں سے کن ہی **چار** لفظوں کے متضاد (اُلٹے) لفظ بتائیے :

(i) صاف (ii) سورج (iii) دوست

(iv) اچھّا (v) جاہل (vi) اندر

23. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجیے : **4**

قومی ترقی مجموعہ ہے شخصی عزت، شخصی ایمانداری، شخصی ہمدردی کا اسی طرح قومی تنزّل مجموعہ ہے شخصی سُستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خودغرضی کا اور شخصی برائیوں کا - ناتہذیبی و بدچلنی جو اخلاقی و تمدنی یا باہمی معاشرت کی بدیوں میں شمار ہوتی ہے درحقیقت وہ خود اسی شخص کی آوارہ زندگی کا نتیجہ ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے اُن بُرائیوں کو جڑ سے اکھاڑ ڈالیں اور نیست و نابود کر دیں تو یہ برائیاں کسی اور نئی صورت میں اس سے بھی زیادہ شور سے پیدا ہو جاویں گی۔ جب تک شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کی حالتوں کو ترقی نہ کی جاوے۔

**یا**

بس یہ خیال اپنے دل میں ہرگز مت آنے دو کہ ابھی سیکھنے کا بہت وقت آ رہا ہے ایسی کیا بھاگڑ مچی ہے کہ رات دن لکھنے پڑھنے کے پیچھے کوئی مر مٹے۔ اگلا حال کچھ کسی کو معلوم نہیں۔ کون جانے کہ تندرستی رہے نہ رہے۔ زمانہ فرصت دے نہ دے۔ یہ سب سامان جو اب مہیّا ہیں میسّر ہوں یا نہ ہوں۔ بے شک وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگا بھاگ تو یہ چاہتی ہے کہ تم خواب و خور اپنے اوپر حرام کر کے رات دن کتاب پر سے سر نہ اُٹھاؤ۔

24. مرثیہ یا غزل کی تعریف بتایئے۔ (کسی **ایک** صنف کی) 4

25. مندرجہ ذیل اشعارِ غزل میں سے کن ہی دو کے مطلب لکھیے : 4

(i) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی

حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

(ii) دل سے رُخصت ہوئی کوئی خواہش

گریہ کچھ بے سبب نہیں آتا

(iii) زخم گر دب گیا، لہو نہ تھما

کام گر رُک گیا، روا نہ ہوا

(iv) بس کہ دشوار ہے، ہر کام کا آساں ہونا

آدمی کو بھی میسّر نہیں، انساں ہونا

26. مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے : 4

(i) کمزور کی مدد

(ii) محنت کرو

(iii) جشنِ آزادی

## حِصّہ (ہ)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے دیجیے :

27. مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کسی **ایک** کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے : **4**

(i) میرتقی میرؔ

(ii) نظیرؔ اکبرآبادی

(iii) پریم شنکر شری واستو

28. اپنے پرنسپل/ ہیڈ ماسٹر صاحب کو ٹی۔سی۔ (.T.C) لینے کے لیے درخواست لکھیے۔ **8**

**یا**

گرمی کی چھٹیاں ایک ساتھ گزارنے کے لیے اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے۔

29. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر مُفصّل مضمون (Essay) لکھیے : **8**

(i) ہمارا اسکول

(ii) عیدالفطر

(iii) ریل کا سفر